© rasailojaraid.com

نتیجۂ فکر: جانشینِ امیر شریعت سید ابو معاویہ ابو ذر بخاری رحمہ اللہ

# دمکتا ہوا سیار ہوں میں

ایک مجہول ثقافت کے علمبر دارو
ایک لاریب صداقت کا گنہگار ہوں میں

ایک گمراہ تفکر کے پرستار ہو تم
ایک پائندہ ہدایت کا خریدار ہوں میں

تم ہو سفاک امارت کے لٹیرے قاصد
ایک تفویض امانت کا نگہدار ہوں میں

ایک عیار سیاست کا زبوں صید ہو تم
ایک بے باک حقیقت کا گرفتار ہوں میں

اجنبی دیس کی اک نقری، جھنکار ہو تم
اور اک فقر شہنشاہی کا ایثار ہوں میں

سرخ و اسپید کی تجدید میں محصور ہو تم
ایک جہانگیر اخوت کا فدا کار ہوں میں

ایک پوشیدہ خباثت کے فسوں کار ہو تم
ایک معروف دیانت کا پرستار ہوں میں

تم ہو غوغاء عفاریت جہانِ منگول
عرصۂ دھر میں گونجی ہوئی للکار ہوں میں

تم ہو عصیاں کے جہنم کا دہکتا ایندھن
ذوقِ طاعت سے مہکتا ہوا گلزار ہوں میں

فلک آرائی انجم سے مجھے کیا لینا
نورِ ایقاں سے دمکتا ہوا سیار ہوں میں

## تحریک تحفظِ ختمِ نبوت ، پس منظر و پیش منظر

جناب شیخ عبدالمجید احرار کا سلسلہ وار مضمون " تحریکِ تحفظِ ختمِ نبوت ، پسِ منظر و پیش منظر " صفحات کی کمی وجہ سے اس شمارہ میں شامل نہیں ہو سکا۔

قارئین آئندہ شمارہ میں اس کی آٹھویں قسط ملاحظہ فرمائیں گے۔

ان شاء اللہ

(ادارہ)



© rasailojaraid.com